ٹروزر وغیرہ کو ٹخنے سے نیچے لٹکانے کی وعید

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا اپنے گارمنٹس ٹروزر وغیرہ کو ٹخنے سے نیچے لٹکتا چھوڑنا بہت بڑا گناہ ہے ؟ اور کیا اس بارے میں کوئی حدیث ہے۔

سائل: میاں- ایبٹ آباد (پاکستان)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

مردوں ٹروزر اور اپنے لوور گارمنٹس کو ٹخنوں سےاوپر رکھنا چاہیے کہ تکبر کی نیت کے بغیر اپنے ٹروزر وغیرہ کو اتنا لٹکانا کہ ٹخنے چھپ جائیں مکروہ تنزیہی ہے اور اگر تکبر کی وجہ سے ٹروزر یا شلوار کو اتنا نیچے رکھا ہوا ہے کہ ٹخنے چھپ رہے ہیں تو ناجائز وحرام ہے اور اس پر بہت سی وعیدیں حدیث میں وارد ہوئی ہیں۔

جیساکہ صحیح بخاری میں ہے :حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا«**مَا أَسْفَلَ مِنَ الكَعْبَيْنِ مِنَ الإِزَارِ فَفِي النَّارِ**» تہبند کا جو حصہ ٹخنوں سے نیچے ہے وہ آگ میں ہے۔

(الصحیح البخاری باب ماسفل من الکعبین --- رقم 5787)

اورصحیح بخاری و مسلم دونوں میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اﷲ صلَّی اللہ تعالٰی علیہ وسلَّم نے فرمایا: "**لاَ يَنْظُرُ اللَّهُ يَوْمَ القِيَامَةِ إِلَى مَنْ جَرَّ إِزَارَهُ بَطَرًا**"''جو شخص تکبر کے طور پر تہبند گھسیٹے(یعنی اتنا نیچا کرلے کہ زمین سے لگ جائے)اُس کی طرف اﷲ تعالیٰ نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔

بخاری کی ایک روایت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے ہے کہ''ایک شخص اترانے کے طورپر تہبند گھسیٹ رہا تھا، زمین میں دھنسا دیا گیا، اب وہ قیامت تک زمین میں دھنستا ہی چلا جائے گا۔''

(صحیح البخاري''باب من جر ثوبہ من الخیلاء،رقم 5788)

اور اگرشلوار سے ٹخنےچھپاناتکبر کی نیت سے نہ ہوتو مکروہ تنزیہی ہے جیسا کہ فتاوی ہندیہ میں ہے: "**إسْبَالُ الرَّجُلِ إزَارَهُ أَسْفَلَ مِنْ الْكَعْبَيْنِ إنْ لَمْ يَكُنْ لِلْخُيَلَاءِ فَفِيهِ كَرَاهَةُ تَنْزِيهٍ، كَذَا فِي الْغَرَائِبِ**"

(''الفتاوی الھندیۃ''،کتاب الکراھیۃ، الباب التاسع في اللبس،ج5،ص333)

اور سیدی اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فتاوی رضویہ میں فرماتے ہیں : اور پائچے ٹخنے سے نیچے بھی مکروہ تنزیہی یعنی صرف خلاف اولٰی جبکہ بہ نیت تکبر نہ ہو۔

(فتاوی رضویہ ج23 ص 98)

اور بہار شریعت میں ہے :مرد کو ایسا پاجامہ پہننا جس کے پائنچے کے اگلے حصے پشت قدم پر رہتے ہوں مکروہ ہے۔ کپڑوں میں اسبال یعنی اتنا نیچا کرتہ، جبہ، پاجامہ، تہبند پہننا کہ ٹخنے چھپ جائیں ممنوع ہے۔

(بہار شریعت ج3 ص417 )

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

Date:22-10-2018

**The admonition of wearing trousers below the ankles**

الحمد لله والصلوة والسلام على رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Dīn and muftīs of the Sacred Law state regarding the following issue: Is it a big sin if someone leaves their clothes, trousers, etc hanging below one's ankles in salāh. Is there a Hadīth regarding this?**

Questioner: Miya from Abbottabad, Pakistan

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدايةَ الحَق والصواب

Men should keep their trousers & lower garments above their ankles, as leaving one's trousers, etc hanging to such an extent that the ankles are no longer visible, without the intention of arrogance, is Makrūh Tanzīhī [slightly disliked]. However, if one leaves them this low with, the intention of arrogance, such that the ankles no longer remain visible, then this is impermissible and harām [unlawful], and there has been much admonition regarding this mentioned in Hadīth.

Just as it is stated in Sahīh al-Bukhārī, whereby Sayyidunā Abū Hurayrah, may Allāh Almighty be pleased with him, narrates that the Noble Prophet ﷺ stated that,

"مَا أَسْفَلَ مِنَ الكَعْبَيْنِ مِنَ الإِزَارِ فَفِي النَّارِ"

"The part of a shawl which hangs below the ankles is in the Fire."

[Sahīh al-Bukhārī, Hadīth no 5787]

In addition, it is narrated by Sayyidunā Abū Hurayrah, may Allāh Almighty be pleased with him, in both[1] Sahīh al-Bukhārī and Muslim, that the Messenger of Allāh ﷺ stated that,

"لاَ يَنْظُرُ اللَّهُ يَوْمَ القِيَامَةِ إِلَى مَنْ جَرَّ إِزَارَهُ بَطَرًا"

"On the Day of Judgement, Allāh Almighty will not look with Mercy at the person who trails his lower garment in arrogance."

[Sahīh al-Bukhārī, Hadīth no 5788]

[1] This Hadīth is also mentioned in the four other books from the Sihāh Sittah as well as Muwatta' Imām Mālik.

[Sahīh Muslim, Hadīth no 2085]

There is a narration of Sahīh al Bukhārī from Sayyidunā ‘Abdullāh ibn ‘Umar, may Allāh Almighty be pleased with him, stating that,

“A man was dragging his lower garment on the ground (behind him), suddenly Allāh Almighty made him sink into the earth - and he will continue sinking into it till the Day of Resurrection.”

If one’s trousers are covering the ankles without the intention of arrogance, then this is Makrūh Tanzīhī, just as it is stated in Fatāwā Hindiyyah,

"إِسْبَالُ الرَّجُلِ إِزَارَهُ أَسْفَلَ مِنْ الْكَعْبَيْنِ إنْ لَمْ يَكُنْ لِلْخُيَلَاءِ فَفِيهِ كَرَاهَةُ تَنْزِيهٍ، كَذَا فِي الْغَرَائِبِ"

[al-Fatāwā al-Hindiyyah, vol 5, ch 9, pg 333]

Sayyidī Āla Hadrat Imām Ahmad Ridā Khān, may Allāh Almighty shower endless mercies upon him, states in Fatāwā Ridawiyyah that the trousers also being below the ankles is Makrūh Tanzīhī, meaning khilāf awlā [merely a less better option], when it is not with intention of arrogance.

[Fatāwā Ridawiyyah, vol 23, pg 98]

On a final note, it is stated in Bahār-e-Sharī’at that for males to wear such trousers that the rear portion of the trouser leg falls on the back of the foot is Makrūh. To do Isbāl i.e. to wear a kurta [shirt], jubbah, trouser or waist-cloth [lower garment] so low that the ankles are (completely) hidden is disallowed. These garments should be worn from between half the shin up to the ankle i.e. the ankles should not be completely hidden.

[Bahār-e-Sharī’at, vol 3, part 16, pg 417]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali